بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ
Bihar State Madrasa Education Board
Apex Tower,Haroon Nagar Sector-2, Phulwari Sharif, Patna

وسطانیہ،فوقانیہ ومولوی امتحانات 2024 کے امتحان فارم بھرنے کی تاریخ میں توسیع: سلیم پرویز چیئرمین مدرسہ بورڈ

درجہ وسطانیہ کا 15 دسمبر اور درجہ فوقانیہ ومولوی کا 06 دسمبر تک امتحان فارم پر کرنا یقینی بنائیں: ڈاکٹر محمد نوراسلام

پٹنہ مورخہ 30 نومبر 2023ء

ڈاکٹر محمد نوراسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے بحکم چیئرمین مدارس کے صدر مدرس/پرنسپل، طلبا وطالبات وگارجین حضرات کواطلاع دی ہے کہ درجہ وسطانیہ،فوقانیہ اورمولوی امتحانات 2024 کیلئے امتحان فارم بھرنے کی تاریخ میں توسیع اضلاع سے حاصل گذارشات کی بنیاد پر کی جارہی ہے۔

ڈاکٹر محمد نوراسلام نے خصوصی طور پر درجہ فوقانیہ ومولوی کے ویسے امیدوار کو مطلع کیا ہے جنہوں نے اپنا رجسٹریشن کرالیا ہے لیکن امتحان فارم اب تک پر نہیں کیا ہے وہ جلد از جلد مورخہ۔06 دسمبر 2023 تک اپنا امتحان فارم پر کرنا یقینی بنائیں۔

مزید انہوں نے بتایا کہ ویسے امیدوار جنہوں نے ابھی تک درجہ وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان) فارم پر نہیں کیا وہ مورخہ۔15 دسمبر 2023 تک فارم پر کرنا یقینی بنائیں۔واضح ہو کہ اب تاریخ میں مزید توسیع کی گنجائش نہیں ہے، کیونکہ ماہ جنوری کے تیسرے ہفتے میں فوقانیہ ومولوی اور فروری کے پہلے ہفتے میں وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان) کی تاریخ متوقع ہے۔اس لئے اب مزید توسیع نہیں کی جائے گی۔

30/11/2023

(ڈاکٹر محمد نوراسلام)
کنٹرولر آف اکزامنیشن
بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ